**AQF / Tausif**

**07-04-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- تمل ناڈو کے **Kalpakkam** میں ملک میں ہی تیار کیے گئے **Prototype Fast Breeder** ری-ایکٹر نے ابتدائی طور پر کام کرنا شروع کردیا ہے، جو بھارت کا ایک اہم ایٹمی سنگِ میل ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس تاریخی کامیابی کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ملک کے سول ایٹمی سفر میں ایک ٹھوس قدم ہے۔

3- آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔

4- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اُس بل کو منظوری دے دی ہے، جس میں امراوتی کو آندھرا پردیش کی واحد راجدھانی کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔

5- بھارتی فوج نے بغیر انسان والے فضائی نظام اور ٹوہ لے کر حملہ کرنے والے ڈرونز کیلئے ٹیکنالوجی کے خاکے کا اعلان کیا ہے۔

6- اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یہ دھمکی دی ہے کہ اگر ایران نے آبنائے ہرمز کو کھولنے کی وقت کی حد سے پہلے کوئی سمجھوتہ نہ کیا، تو ایک ہی رات میں ایران کو تباہ کردیا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Civil Nuclear Feat

تمل ناڈو کے **Kalpakkam** میں ملک میں ہی ڈیزائن اور تیار کیے گئے **Prototype Fast Breeder** ری-ایکٹر نے کام کرنا شروع کردیا ہے، جو بھارت کے ایٹمی توانائی پروگرام میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس تاریخی کامیابی کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ

بھارت، ملک کے تین مرحلوں والے ایٹمی پروگرام کے دوسرے مرحلے کو آگے بڑھا کر اپنے سول ایٹمی سفر میں ایک ٹھوس قدم اُٹھا رہا ہے۔

مذکورہ ری-ایکٹر کی تکنیکی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ جدید طرز کا یہ ری-ایکٹر اپنی کھپت سے زیادہ ایندھن تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

بھارت کیلئے اِسے ایک فخریہ لمحہ قرار دیتے ہوئے جناب مودی نے مذکورہ پروجیکٹ سے وابستہ سائنسدانوں اور انجینئروں کو مبارکباد دی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ .................

**VC - Anupam**

*پانچ سو میگا واٹ کا الیکٹرک* ***Prototype Fast Breeder*** *ری-ایکٹر، تمل ناڈو میں* ***kalpakkam*** *میں واقع ہے اور اِسے بھارتیہ* ***Nabhikiya*** *وِدیوت نگم لمیٹڈ* ***BHAVINI*** *چلاتی ہے۔ یہ بھارت کی طویل مدتی ایٹمی حکمتِ عملی کے ایک اہم حصے کی نمائندگی کرتا ہے۔ جب یہ پوری طرح کام کرنے لگ جائے گا، تو بھارت، کمرشل* ***Fast Breeder*** *ری-ایکٹر رکھنے والا روس کے بعد دوسرا ملک بن جائے گا۔ ری-ایکٹر کے اِس اہم سنگِ میل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ری-ایکٹر* ***Core*** *اُسی انداز سے کام کررہا ہے، جیسا کہ یہ ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اِس سے جدید طرز کی ایٹمی ٹیکنالوجی اور ماحولیات کے سازگار توانائی کی پیداوار کے شعبے میں بھارت کی پوزیشن مستحکم ہوئی ہے۔*

*یہ پروجیکٹ، کئی* ***MSME*** *اداروں سمیت* ***200*** *سے زیادہ بھارتی صنعتوں اشتراک کے ساتھ ملکی وسائل سے تیار کیا گیا ہے اور یہ آتم نربھر بھارت پہل کے تحت خود کفالت کی سمت سرکار کی کوششوں کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔*

*دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .......................*

<u>Campaigning Assembly Pools</u>

آسام، کیرالم اور مرکز کے زیر انتظام علاقے پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔ انتخابی مہم کے آخری دن آج مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ووٹروں کو راغب کرنے اور اپنی حمایت میں اضافہ کرنے کیلئے بھرپور کوششیں کریں گے۔ آسام کی **126**، کیرالم کی **140** اور پدوچیری کی **30** سیٹوں کیلئے ایک ہی مرحلے میں جمعرات کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

آسام میں چناؤ مہم کے آخری دن آج **BJP** کے سینئر رہنما امت شاہ بارَک وادی خطے میں تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ کانگریس سمیت دیگر پارٹیاں بھی ووٹروں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے ریاست میں کئی ریلیاں کریں گی۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے پدوچیری میں بھی سیاسی سرگرمیاں عروج پر ہیں۔ سیاسی پارٹیاں ووٹروں کی حمایت حاصل کرنے کیلئے مختلف حلقوں میں بھرپور کوششیں کررہی ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ........................

**V-C Biben S Nath**

مرکز کے زیر انتظام علاقے پدوچیری میں چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے، ایسے میں سیاسی پارٹیاں ووٹروں کو راغب کرنے اور اپنی حمایت میں اضافہ کرنے کیلئے بھرپور کوششیں کررہی ہیں۔ BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر جے پی نڈا، DMK کے رہنما اور تمل ناڈو کے نائب وزیراعلیٰ Udhayanidhi Stalin اور VCK کے رہنما Thol. Thirumavalavan MP اُن سرکردہ رہنماؤں میں شامل ہیں، جو آج پدوچیری میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ انتخابی کمیشن نے تمام پارٹیوں کو اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے کہ وہ چناؤ مہم ختم ہونے کے فوراً بعد غیر مقامی لیڈروں کو متعلقہ حلقوں سے باہر لے جائیں۔

پدوچیری سے Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

کیرالم میں سیاسی پارٹیاں ووٹروں کو راغب کرنے کی آخری کوششوں کے تحت ریاست بھر میں ریلیاں، روڈ شوز اور عوامی میٹنگیں کرہی ہیں۔ یہاں ترقی، روزگار اور عوامی فلاح وبہبود جیسے کلیدی مسائل پر توجہ مرکوز ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ........................

**V-C Smithy M Palluruthy**

کیرالم میں چناؤ مہم آج شام 6 بجے ختم ہوجائے گی۔ آخری دن سبھی 140 اسمبلی حلقوں میں انتخابی سرگرمیاں عروج پر ہیں۔ ریاست میں کُل 883 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ کیرالم کے اعلیٰ انتخابی افسر نے ہدایت دی ہے کہ سبھی غیرمقامی سیاسی کارکن اور اہلکار، انتخابی مہم کے ختم ہونے کے فوراً بعد متعلقہ حلقوں سے نکل جائیں۔ چناؤ مہم ختم ہونے سے لے کر پولنگ کی مدت کے دوران میڈیا کے ذریعہ انتخابی مہم پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے۔ آج اور کل اخبارات میں سیاسی اشتہارات کیلئے میڈیا سرٹیفکیشن اور نگرانی کمیٹی سے پیشگی منظوری حاصل کرنا ہوگی۔ اس دوران ڈاک کے ذریعہ ووٹ ڈالنے کا عمل جاری ہے۔

ترواننت پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Paravur Assembly Profile

اسمبلی حلقوں کے انتخابی منظرنامے کی سیریز کے تحت آج ہم کیرالم کے اَرناکلم ضلعے میں واقع Paravur حلقے پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ ریاست کی سبھی 140 سیٹوں کیلئے جمعرات کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

**V-C Smithy M Palluruthy**

Paravur اسمبلی حلقہ وسطی کیرالم کے ساحلی ضلعے اَرناکلم میں واقع ہے۔ یہ حلقہ حیاتیاتی تنوع اور قدرتی مناظر کیلئے جانا جاتا ہے۔ یہاں کُل 7 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ UDF کی طرف

سے کانگریس کے موجودہ MLA اور اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر V.D.Satheesan امیدوار ہیں، وہیں LDF کی طرف سے CPI کے رہنما اور تھریسور ضلع میں واقع Kaypamangalam کے موجودہ رکن اسمبلی Master E.T.Taison میدان میں ہیں۔ BJP کی رہنما Valsala Prasannakumar این ڈی اے کی امیدوار ہیں۔ اس کے علاوہ BSP کے، پی کے راجیش، SDPI کے وی ایم فیصل اور دو آزاد امیدوار بھی اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔

2021 میں V.D.Satheesan نے CPI کے M.T Nixon کو 21 ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے ہرایا تھا۔ 2016 کے انتخابات میں بھی V.D.Satheesan نے 20 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے جیت حاصل کی تھی۔

ترواننت پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Prez-AP ACT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آندھرا پردیش تشکیل نو ترمیمی بل-2026 کو منظوری دے دی ہے، جس کے تحت امراوتی کو باضابطہ طور پر آندھرا پردیش کی واحد اور مستقل راجدھانی قرار دیا گیا ہے۔ وزارت قانون کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق صدر جمہوریہ نے کل اِس بل کو منظوری دی۔ صدر جمہوریہ کی منظوری کے بعد یہ بل اب قانون بن چکا ہے۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا نے بجٹ اجلاس کے دوران پچھلے ہفتے آندھراپردیش تشکیل نو بل-2026 کو منظوری دی تھی۔ نیا قانون امراوتی کو آندھراپردیش کی واحد راجدھانی کے طور پر قانونی حیثیت فراہم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ صدر جمہوریہ نے دیوالیہ اور دیوالیہ پن سے متعلق ترمیمی بل 2026 کو بھی منظوری دی، جس کے ذریعہ دیوالیہ اور دیوالیہ پن سے متعلق ضابطے 2016 میں ترمیم کی گئی ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Indian Army - Drone System

بھارتی فوج نے بغیر انسان والے فضائی نظام اور ٹوہ لے کر حملہ کرنے والے ڈرونز کیلئے ٹیکنالوجی کے خاکے کا اعلان کیا ہے۔ یہ پہل، بغیر انسان والے فضائی دفاعی نظام کے شعبے میں بھارتی فوج کی ضروریات کی طویل مدتی تکمیل کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ بھارتی فوج نے کہا ہے کہ مذکورہ خاکے میں صنعت، تعلیمی شعبے اور تحقیق و ترقی سے متعلق اداروں کیلئے واضح اور قابلِ عمل تجویزیں فراہم کی گئی ہیں، تاکہ ترجیحی شعبوں کی سمت سرمایہ کاری اور تکنیکی کوششوں کو بروئے کار لایا جاسکے۔

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے فوج کے نائب سربراہ لیفٹیننٹ جنرل، راہل آر سنگھ نے زور دے کر کہا کہ حالیہ محاذ آرائیوں سے بڑے پیمانے پر تعیناتی اور درست نشانہ طے کرنے کے درمیان توازن کی ضرورت ظاہر ہوئی ہے۔×

Trump-Iran

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سخت وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایران، مقررہ وقت سے پہلے کسی معاہدے تک پہنچنے میں ناکام رہا اور آبنائے ہرمز کو نہیں کھولا گیا، تو امریکہ ایک ہی رات میں ایران کو تباہ کردے گا۔ صدر ٹرمپ نے خلیجی ملکوں سے توانائی کی آزادانہ ترسیل کو یقینی بنانے کیلئے ایک قابل قبول معاہدہ طے کرنے کیلئے بھارتی وقت کے مطابق کل صبح ساڑھے پانچ بجے تک کا وقت مقرر کیا ہے۔ وہائٹ ہاؤس میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے خبردار کیا کہ اگر کوئی معاہدہ طے نہیں پایا تو ایران کے نظام کو تیزی سے تباہ کیا جاسکتا ہے۔ البتہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کچھ ایرانی رہنما نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات کرتے نظر آرہے ہیں، تاہم اب بھی غیر یقینی کی صورتحال ہے۔

دوسری جانب ایران نے جنگ بندی کیلئے امریکی تجویز کو مسترد کردیا ہے اور جنگ کے خاتمے، تعمیر نو میں مدد اور پابندیوں کو ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے۔×

Artemis II Mission

امریکی خلائی ادارے **NASA** کے **Artemis** دوئم مشن نے کرۂ ارض سے دور سب سے زیادہ فاصلے تک خلا بازوں کے جانے کا نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ خلائی جہاز **Orion**، چاند سے دور پرواز کے دوران کرۂ ارض سے لگ بھگ دو لاکھ **52** ہزار **752** میل دور تک پہنچ گیا۔ اِس میں چار خلا باز سوار ہیں۔ اِس طرح اِس نے **Apollo-13** کا ریکارڈ توڑ دیا ہے، جو **1970** میں دو لاکھ **48** ہزار **655** میل دور تک چلا گیا تھا۔ یہ سنگِ میل بھارتی وقت کے مطابق، کل رات **11** بجکر **27** منٹ پر حاصل کیا گیا۔×

RS - LS Reject Motion

راجیہ سبھا کے چیئرمین سی پی رادھاکرشنن اور لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے اپوزیشن ارکان کی جانب سے پیش کیے گئے اُس تحریک کے نوٹس کو خارج کردیا ہے، جس میں اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار کو ہٹانے کی بات کہی گئی تھی۔

راجیہ سبھا سکریٹیریٹ اور لوک سبھا سکریٹیریٹ نے الگ الگ بیان میں یہ اطلاع دی ہے کہ تحریک کے نوٹس پر مناسب غور و خوض کرنے نیز اِس سے وابستہ سبھی متعلقہ پہلوؤں اور معاملات کا پوری احتیاط سے جائزہ لینے کے بعد، راجیہ سبھا کے چیئرمین اور لوک سبھا کے اسپیکر نے تحریک کا نوٹس قبول کرنے سے انکار کردیا ہے۔

ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ اپوزیشن نے جانبدارانہ رویے کا الزام لگاتے ہوئے اعلیٰ انتخابی کمشنر کو عہدے سے ہٹانے کی خاطر تحریک پیش کرنے کیلئے لوک سبھا اور راجیہ سبھا، دونوں ایوانوں میں نوٹس دیے تھے۔×

Shooting - ISSF World Cup

اسپین میں **Granada** کے مقام پر آج **ISSF** رائفل اور **Pistol** ورلڈ کپ میں بھارتی نشانے باز اپنی مہم کا آغاز کررہے ہیں۔ آج دس میٹر کے ایئر رائفل اور دس میٹر کے ایئر **Pistol** مِکسڈ ٹیم مقابلے ہوں گے۔×

IPL-Cricket

IPL کرکٹ میں، کل رات کولکاتا کے ایڈن گارڈنس میں، کولکاتا نائٹ رائڈرس اور پنجاب کنگس کے درمیان میچ بارش کے سبب رَد کردیا گیا۔ کولکاتا نائٹ رائڈرس نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ کولکاتا نائٹ رائڈرس نے تین اوورس چار گیندوں میں دو وکٹ پر 25 رن بنائے تھے، تبھی بارش کے سبب کھیل کو روکنا پڑا۔ دونوں ہی ٹیموں کو ایک-ایک پوائنٹس دے دیا گیا۔

آج کے مقابلے میں گوہاٹی کے برساپارا کرکٹ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔ پوائنٹس ٹیبل میں فی الحال راجستھان رائلس تیسرے مقام پر، جبکہ ممبئی انڈینس چھٹے مقام پر ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: حبیب الرحمٰن

شکریہ - عمار

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے بی جے پی کے یومِ تاسیس کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ BJP نے بھارتی سیاست میں ملک مقدم کا نیا اصول قائم کیا ہے۔

چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے خلاف تحریک مواخذہ کے دونوں نوٹس خارج کیے جانے کی خبر کو اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

راجیہ سبھا کے 19 نئے ارکان کی حلف برداری کے خبر کو بھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ خلیل الرحمٰن کا بھارت دورہ آج۔ روزنامہ انقلاب نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

امریکہ-ایران جنگ سے متعلق خبروں کو اخباروں نے نمایاں طور پر سے صفحۂ اوّل پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب لکھتا ہے: '' ایران نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ڈیڈ لائن مسترد کردی۔'' عالمی سطح پر سفارتی سرگرمیاں جاری۔ روس نے امریکہ کو الٹی میٹم کی زبان ترک کرنے کا دیا مشورہ۔

کھیل کے صفحے پر سلامی بلے باز سنجو سیمسن اور تیز گیندباز جسپریت بمراہ کو آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ کے لئے نامزد کئے جانے کی خبر کو روزنامہ انقلاب نے اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

بھارتی مکے باز پریتی پوار نے پیرس اولمپک میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی کوریا کی ایجی ام کو شکست دے کر ایشیائی مکے

بازی چیمپئن شپ کے فائنل میں جگہ بنائی۔ اس خبر کو روزنامہ انقلاب نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- تمل ناڈو کے Kalpakkam میں ملک میں ہی تیار کیے گئے Prototype Fast Breeder ری-ایکٹر نے ابتدائی طور پر کام کرنا شروع کردیا ہے، جو بھارت کا ایک اہم ایٹمی سنگِ میل ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس تاریخی کامیابی کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ملک کے سول ایٹمی سفر میں ایک ٹھوس قدم ہے۔

3- آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔

4- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اُس بل کو منظوری دے دی ہے، جس میں امراوتی کو آندھرا پردیش کی واحد راجدھانی کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔

5- بھارتی فوج نے بغیر انسان والے فضائی نظام اور ٹوہ لے کر حملہ کرنے والے ڈرونز کیلئے ٹیکنالوجی کے خاکے کا اعلان کیا ہے۔

6- اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یہ دھمکی دی ہے کہ اگر ایران نے آبنائے ہرمز کو کھولنے کی وقت کی حد سے پہلے کوئی سمجھوتہ نہ کیا، تو ایک ہی رات میں ایران کو تباہ کردیا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------